# لٹریسی بڑھانے کیلئے کیمونٹی طریقہ کار / لائحہ عمل

# Community strategies for promoting literacy



Save the Children

WITH World Vision

# لٹریسی بڑھانے کیلئے کمیونٹی کے طریقہ کار

سیو دا چلڈرن (ورلڈ وژن کا فنڈ کردہ)




ایمی ڈوڈ ۔ نیل اوڈونیل ۔ سز او چواور لوینا ۔ مری سوا ۔ یواس

سیو دا چلڈرن

## سیو دا چلڈر کے بارے میں

سیو دا چلڈرن یو ا سٹیڈ یشن کی ایک صف اول کی خود مختار تنظیم ہے جو یو ایس اور اس کے علاوہ پوری دنیا میں ضرورت مند بچوں کیلئے قابل ذکر تبدیلیاں لا رہی ہے ۔ مزید معلومات کیلئے وزٹ کریں ۔savethechildren.org

سیو دا چلڈرن یو ایس اے بین الاقوامی سیو دا چلڈرن کی ایک ساتھی گلوبل نیٹ ورک ارگنا ئزیشن 29 آزاد سیو دا چلڈرن تنظیموں کی ساتھ تنظیم ہے ۔ جو تقریباً 120 سے زائد ممالک میں بچوں کا تحفظ اور خیال یقینی بنا رہی ہے ۔

## بین الاقوامی وژن کے بارے میں

یہ ایک عیسائی انسانیت کی بھلائی کیلئے خیراتی ارگنا ئزیشن (تنظیم) ہے ۔ جو بچوں کے خاندانوں اور بین الاقوامی طور پر ان کی کمیونٹیوں کے ساتھ کام کرنے کیلئے وقف ہے تا کہ غربت اور نا انصافی کی وجوہات معلوم کی جا سکیں ۔

ورلڈ وژن تقریباً 100 کے قریب ممالک میں 100 ملین سے زائد لوگوں کی خدمت کر رہی ہے ۔ ورلڈ وژن مذہب ۔ نسل ۔ قومیت اور جنس سے قطع نظر سب لوگوں کی خدمت کرتی ہے ۔ مزید معلومات کیلئے وزٹ کریں worldvision .org

@ سیو دا چلڈرن یو ایس 2010

سیو دا چلڈرن کے تمام مخفوظ کنٹری US

کور فوٹو: ایل سلوا ڈور / سیو دا چلڈرن کی لی گئی تصویر

پرنٹ میں سوچیں بیکی وارن کی ڈیزائن کردہ کتاب ۔Thinkinprint.com

**ہم کمیونٹی طریقہ کار فلپ بک کیوں ڈویلپ (بناتے) ہیں؟**

ہمارے کمیونٹی پر منحصر کام میں ہم سکول سے باہر بچوں کے پڑھنے کی مدد کرنا چاہیں گے۔ ہم جانتے ہیں ایسے بہت سے طریقے ہیں جن سے والدین۔ کمیونٹی ممبران اور خود بچے بچوں کی پڑھنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ یہ اکثر سوچ لیا جاتا ہے کہ صرف پڑھے لکھے خواندہ افراد ہی پڑھنے میں دوسروں کی مدد کر سکتے ہیں ہم سمجھتے ہیں کمیونٹی ذرائع کا یہ خیال بہت ہی محدود حد تک ہے۔ کامیاب پڑھنے کی مہارتوں میں بولنا۔ سننا۔ سمجھنا اور الفاظ کی ایک اچھی ورائٹی کا جاننا ضروری ہے۔

والدین اور کمیونٹی ممبر جو خود نہیں پڑھے وہ اپنے روزمرہ کے زبانی اوزار کا استعمال کرتے ہوئے اکثر بچوں کو پر لطف طریقوں سے پڑھنے کی طرف لا سکتے ہیں این جی او سٹاف اور کمیونٹی لیڈر حضرات اس کتاب کا استعمال کرتے ہوئے اس حقیقت کو سب کے سامنے لا سکتے ہیں یہ فلپ کتاب بولی جانے والی زبانی کی اہمیت ڈویلپمنٹ اور روزمرہ کی زندگی میں پڑھنے کے فروغ کے بہت سے طریقے بتاتی ہے۔ جس سے بچے زیادہ پڑھ سکتے ہیں۔ یہ ان لوگوں کیلئے بھی بہت سے طریقہ کار وضع کرتی ہے جو بچوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں کہ وہ زیادہ روانی سے پڑھیں اور بحث کریں اور روزمرہ کی زندگیوں میں زیادہ اچھی سمجھ بوجھ رکھتے ہوں۔

**ہم نے کمیونٹی طریقہ کار فلپ بک کن لوگوں کیلئے لکھی تھی؟**

ہم نے یہ فلپ بک پروگرام منیجرز کمیونٹی ورکرز اور کمیونٹی لیڈر حضرات کیلئے لکھی تھی تا کہ وہ ل کر ورکشاپ اور تربیتی سیشن مواد کے بارے میں سوچیں جیسے والدین کمیونٹی ممبران اور بچوں کے ساتھ عمل پذیر کروایا گیا۔

**ہم کمیونٹی طریقہ کار فلپ بک کو کیسے استعمال کرتے ہیں؟**

یہ سرگرمیاں والدین اور بچوں کیلئے آسان اور پر لطف ہیں انہیں لٹریسی پروموشن کیلئے اچھا ماحول پیدا کرنا چاہیئے۔ فلپ بک کو کلینڈر کے طور پر استعمال کریں اور ہر مہینہ ایک عنوان پر کام کریں۔ ہر صفحے پر ایسے لکھے گئے ہیں۔ جنہیں والدین اور بچے پڑھنے کی مہارتیں بہتر بنانے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان میں سے ہر عنوان کو مرکزی بحث کے نقاط کے طور پر استعمال کریں۔ اس کا کرنے کا طریقہ دکھائیں اور شرکا سے اسے ایک مہینے تک کرنے کو کہیں۔ اس کے کرنے میں مدد کیلئے غور سے سوچیں۔ ضرورت کے مواد معلوم کریں اور اس کے روزمرہ زندگی میں فوائد بھی معلوم کریں شرکا سے کہیں کہ اسے اگلی نشست سے پہلے جتنی مرتبہ ممکن ہو دہرائیں اور انہیں خبردار کریں کہ وہ مکمل تیاری کے ساتھ آئیں تا کہ وہ اپنا تجربہ سب کے ساتھ شیئر کر سکیں (ضروری: اگلے مہینے کی ماہانہ نشست ہر کسی سے اپنا تجربہ بتانے کا کہیں۔

اس کیلئے آپ کمیونٹی میں اس کی سا بقہ نقول بھی تقسیم کروا سکتے ہیں تا کہ اساتذہ سے اس کی ایک نقل بچوں کے گھر بھجوانے کو کہہ سکتے ہیں

یا اسے والدین کے ساتھ ڈسکس کر سکتے ہیں۔ اس طرح کے نصاب کیلئے ضروری طور پر اڈیپٹ کرنا ہوگا اور اس کا انحصار آپ کے کام کرنے والے علاقے پر ہوگا اور کمیونٹی ممبران کے خواندگی کے معیار پر بھی ہوگا۔

فلپ بک کو ٹارگٹ گروپ آرگنائز کرتا ہے اور اسکی دو کیٹگریز ہوتی ہے والدین اور بچے اب گروپوں میں سب کیلئے عنوانات ہوتے ہیں اور ان کیلئے جو پڑھ سکتے ہیں سوچیں آپ کے پاس کتنے سیشن ہیں اور یہ کس کے ساتھ ہیں فلپ بک میں درج ذیل چیزیں موجود ہے۔

- تمام والدین کیلئے 10 آئیڈیاز اور
- پڑھنا جاننے والے والدین کیلئے 6 مزید آئیڈیاز
- تمام بچوں کیلئے 8 آئیڈیاز
- پڑھنا جاننے والے بچوں 6 مزید خیالات آئیڈیاز

سیو دا چلڈرن لٹریسی بوسٹ کمیونٹی ایکشن کیومنٹ میں دیئے گئے والدین کیلئے معذرت پڑھنے کی واقفیت کے عنوانات سے زائد ہو سکتے ہیں اور معاون لٹریسی کیمپ میں بچوں کے عنوانات کا تعارف کروا سکتا ہے۔ یا پھر ہر بچے کیلئے الگ سیشن استعمال کر سکتا ہے۔

اس ذریعے کے فائدے اٹھانے کے اور بھی بہت سے طریقے ہیں اور ہمیں امید ہے کہ اپنی سوچ ہمارے ساتھ شیئر کرنے کیلئے آپ ہمارے ساتھ منسلک رہیں گے۔ آپ کے پاس ان ذرائع کے استعمال کے نئے اور اچھوتے راستے ہوں گے اور آپ ہمیں اسکی بہتری کیلئے بھی فیڈ بیک دیں گے تا کہ یہ ذرائع آپ کے تجربات اور مہارت کے ساتھ ساتھ بہتر ہو سکے۔

ladowd@savechildren.org یا سیسلی او چوا سے cochoa@savechildren.org پر رابطہ کریں اور سوالات پوچھیں اپنی رائے کا اظہار کریں اور فیڈ بیک دیں۔



**MOZAMBIQUE/Photo by Michael Biscoglio**

موزمبک:   مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# سب والدین کیلئے خیالات ( آئیڈیاز )

بچوں کی پرورش کے بہت شروعاتی مراحل سے لٹریسی دوولپمنٹ شروع ہوتی ہے۔بچوں کی زبانی مہارتیں بڑھانے والی سرگرمیاں جوان کی اپنے اردگرد کی دنیا کے بارے میں فوری طور پر سمجھ بوجھ کر بڑھاتی ہیں اور جوان کے علم اور معلومات میں اضافہ کرتی ہیں۔یہی مندرجہ بالا سرگرمیاں بچوں کو اس قابل بناتی ہیں۔اس طرح کی سرگرمیاں بچوں کو اس قابل بناتی ہیں کہ وہ زبانی ادا کردہ الفاظ کو چیزوں کے ساتھ منسلک کریں یا واقعات کے ساتھ ان کا تعلق بتائیں اور بچوں کو اپنے خیالات کے اظہار میں مدد دیں اور لکھے گئے لفظ کو بامعنی بنائیں۔اس سے آگے کے صفحات میں دی گئی سرگرمیاں کچھ ایسے ہی خیالات پر مبنی ہیں جو کسی بھی درجے کے پڑھے لکھے یا ان پڑھ والدین کی مدد کر سکتی ہیں تاکہ بچے پڑھنے لکھنے کے قابل ہو جائیں
۔

# Talk with your child اپنے بچے کے ساتھ بات کریں




MALAWI/Photo by Michael Biscoglio

ملاوی: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# اپنے بچے کے ساتھ بات کریں

## اس مہینے، بات کریں اور اپنے بچوں کے ساتھ۔

شروعاتی زبانی سرگرمیاں بڑھانے اور رابطے کیلئے یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اپنے بچے کے ساتھ بات کریں ۔ بہت چھوٹے بچے جب اپنے والدین کی آوازیں سنتے ہیں تو وہ بہت اچھا اور پرسکون محسوس کرتے ہیں ۔ آپکی آواز آپکے بچے کو پرسکون کر دیتی ہے اور وہ خاموش ہو جاتا ہے اور جلد ہی آپکا معصوم بچہ آپکی آوازوں اور بچوں کو دہرانا شروع کر دیتا ہے۔ بار بار الفاظ دہرا کر اور ہجے بتا کر اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں ۔ جب آپ کے بچے بڑے ہونے لگیں تو روزانہ انہیں بتائیں کہ آپ کون کونسے کام کریں گے اور دن کے اختتام پر اپنے کئے گئے کاموں کو دہرائیں ۔ کچھ بڑے بچوں کے ساتھ ایسا کریں کہ ان سے پوچھیں آج کونسا اچھا کام ہوا؟ اور کونسا ایسا کام تھا جسکا کرنا مشکل تھا؟

### اپنے بچے کو بولنا شروع کروائیں!

### فوائد:

- خود اعتمادی پیدا کریں ۔ پرسکون بنائیں ۔ اپنے ساتھ منسلک رکھیں اور احساس تحفظ
- ذخیرہ الفاظ بڑھائیں ۔ روانی اور خیالات کے اظہار میں اعتماد
- تجسس اور مکالمے کی حوصلہ افزائی کریں ۔

# علم اور ثقافت کو دوسروں تک پہچانے اور بانٹنے کیلئے کہانیاں سنائیں

# Tell stories to share knowledge and culture



**NEPAL/Photo by Brent Stirton**

نیپال: برنٹ سٹرٹن کی لی گئی تصویر




**VIETNAM/Photo by Michael Biscoglio**

ویتنام: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# علم اور ثقافت کی ترسیل کیلئے کہانیاں سنائیں

**اس مہینے بچے کو کہانی سنائیں اور پڑھ کر بتائیں۔ پھر اس کہانی میں موجود لوگ۔ جگہوں اور واقعات پر بات کریں اگر ممکن ہو تو یہ کام ایک سے زیادہ مرتبہ کریں۔**

چھوٹے بچوں کو ایک ہفتے میں ایک ہی کہانی کئی مرتبہ سنائیں۔ اسے اپنی عادت بنالیں۔ اپنے بچے کو گود یا ساتھ میں بیٹھنے کو کہیں اور کہانی سنائیں تاکہ وہ آپ کی آواز سنیں۔ کوشش کریں بچوں کو ایسی کہانیاں سنائیں جن کے کردار جانور ہوں اور کہانی کے دوران انہیں جانوروں کی آواز بھی سنائیں اس طرح بچے جانوروں کی آوازوں اور ان کے ناموں میں آرام سے ربط بنا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر "کسان اپنی گائیوں مومو۔ مومو کو کھانا کھلانے گھر آیا"۔

تمام عمر کے بچوں کے ساتھ کہانی دو مرتبہ سنائیں اور پھر اپنے بچے سے کہیں کے کہانی تیسری مرتبہ سنانے میں آپکی مدد کرے۔ سادہ کہانیوں سے شروع کریں جن کا یاد کرنا آسان ہو۔ ہر مرتبہ کہانی سناتے وقت کہانی کے شروع درمیان / آخر میں کسی اہم چیز کیجانب نشاندہی کریں۔ تاکہ بچے کیلئے کہانی یاد کرنا اور اسے دوبارہ سنانا آسان ہو جائے۔

## فوائد:

- خود اعتمادی پیدا کرنا۔ بڑوں کے ساتھ لگاؤ اور احساس تحفظ
- ذخیرہ الفاظ بڑھانا۔ روانی اور جذبات کے اظہار میں خود اعتمادی
- یاداشت کو تقویت دینا اور مہارتوں کو یکجاگری میں لانا
- ثقافتی علم کا بانٹنا


بچے کی دماغی ضروریات پوری کریں
Feed your child's mind
BOLIVIA/Photo by Michael Biscoglio
بولیویا: مائیکل بسکجلی کی لی گئی تصویر

# بچے کی دماغی ضروریات پوری کریں

**اپنے خاندان کو کھلاتے پلاتے ہوئے پڑھنے کی حوصلہ افزائی کریں اپنے بچے سے کہیں کہ کھانے میں استعمال ہونے والی تمام اشیاء کے نام بتائے اُن کو گنے۔ انہیں سائز کے لحاظ سے الگ الگ رکھے ان کی شروعاتی آواز بتائے اور ان کے رنگ وغیرہ کے لحاظ سے ان کی شناخت کریں۔**

کھانا پکاتے وقت اپنے بچے کے ساتھ باتیں کریں۔ اس بچے/بچی کو بتائیں کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر:"اب میں سبزیاں دھو رہی ہوں اور پھر میں انہیں پکانے کیلئے برتن میں ڈالوں گی" اپنے بچے کو تمام جزئیات کے بارے میں بتائیں۔ مثال کے طور پر "ہم باغیچے میں مرچیں اگاتے ہیں اور ہم چاول مارکیٹ سے خرید کر لاتے ہیں"۔ پھر انہیں گنتی کریں اور اکٹھے ان کا وزن کریں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں اعتماد
- شکل کے بارے میں تعلیم۔ قد/ سائز۔ تعداد۔ وزن
- ذہانت اور یاداشت میں اضافہ اور کیلگری کی مہارتیں
- علاقائی کھانوں اور اس کے ذرائع کے بارے میں پڑھانا
- کسی جانے پہچانے خیال اور سرگرمی کو سیکھنے کے موقع میں تبدیل کرنا

# Sing for literacy

# لٹریسی کیلئے گائیں



NEPAL/Photo by Brent Stirton

نیپال: برنٹ سٹرٹن کی لی گئی تصویر

# لٹریسی کیلئے گائیں

**گانے گانا لٹریسی مہارتوں کو بڑھانے میں مددگار ہو سکتا ہے۔گانوں میں ہم قافیہ الفاظ میٹر اور بچوں کے سیکھنے کیلئے اور بہت سے بڑے الفاظ ہوتے ہیں۔اس مہینے اپنی کمیونٹی میں گانے گائیں۔**

پیدائش سے بچوں کو اپنے بڑوں سے گانے سننا پسند ہوتا ہے اور اکثر اوقات بچے گانے سنائے جانے پر بہت اچھے ردعمل کا اظہار کرتے ہیں۔ بچے صرف دو سال کی عمر میں گانے لگ جاتے ہیں۔جب آپ بچوں کو کوئی گانا دہرا کر سنائیں تو ساتھ ساتھ اصل زندگی کی اشیاء کی طرف نشاندہی کریں یا گانے میں ذکر ہونے والی چیزوں کی نقل اتار کر بتائیں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں اعتماد
- ثقافتی علم کا فروغ
- لطف اندوز ہونا
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو پڑھنے کے موقع میں بدلیں۔
- بچے کی آواز کے ساتھ واقفیت بڑھائیں اور حروف سکھائیں اور انکے اندر یہ صلاحیت پیدا کریں کہ وہ حروف اور ان کی آوازوں کو ملا کر الفاظ تشکیل کر سکیں۔




نیپال: برنٹ سٹرٹن کی لی گئی تصویر

# علم کی ترویج کیلئے شاپنگ کریں

## اپنے خاندان کیلئے خریداری کرتے وقت پڑھنے کا شوق پیدا کریں۔

اگر آپ چھوٹے بچوں کے ساتھ خریداری کرتے ہیں تو پورے طریقہ کار کے دوران ان سے بات کریں۔ انہیں بتائیں کہ آپ سٹور پر جارہے ہیں۔ آپ کو کیا خریدنا ہے اور آپ کو چیزیں خریدنے کیلئے کیا درکار ہے۔ باہر بازار کیلئے آپ کو ٹوکری۔ پیسے وغیرہ چاہیے۔ اگلی مرتبہ شاپنگ پر جاتے ہوئے اپنے بچوں سے پوچھیں کہ آپ کو کیا کچھ درکار ہوگا۔ اگر آپ کا بچہ ابھی تک بات نہیں کرتا تو اسے ٹوکری لانے کو کہیں اسے سے اُسے الفاظ اور چیزوں کے درمیان رابطہ استوار کرنے میں مدد ملے گی۔

جب آپ کا بچہ بڑا ہو جائے تو اسے کچھ لوازمات یاد رکھنے کو کہیں جو خریداری کے وقت آپ کو ضرورت ہوں اور آپ مارکیٹ پہنچیں تو بچے کو کہیں کہ یاد دہانی کرائے کہ آپ کو کیا ضرورت ہے۔ مارکیٹ میں بڑے بچے کو ہر چیز کی شناخت کرنے کو کہیں جو کسی خاص آواز سے شروع ہوتی ہیں۔ یا انہیں کسی آئٹم کے نام اور قسمیں گنتی کرنے کو کہیں، مثلاً فروٹ!

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ میں روانی۔ روانی اور جذبات کے اظہار میں خود اعتمادی
- چیزوں کی شکل بنانا۔ سائز۔ تعداد اور وزن
- یاداشت میں اضافہ اور چیزوں کو کیٹگری کے لحاظ سے الگ کرنے کی مہارت
- علاقائی کھانوں اور اس کے ذرائع کے بارے میں بتانا
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو سیکھنے کے موقع میں تبدیل کریں۔

# مل کر کام کرتے ہوئے پڑھنے کی مہارتیں بڑھائیں

# Promote reading skills while working together



MALAWI/Photo by Michael Biscoglio

ملاوی: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر



TAJIKISTAN/Photo by Chris Martin

تاجکستان: کرس مارٹن کی لی گئی تصویر

# مل کر کام کرتے ہوئے پڑھنے کی مہارتوں کی ترویج کریں

**اپنے روزمرہ کا کام کرتے ہوئے اپنے بچے کو قیمتی مہارتیں سکھائیں۔ بچے کو اپنے کام کے مراحل اور کام کے بارے میں بتائیں ہر کام کی طرف اشارہ کریں اور بچے کو تمام لائحہ عمل بتائیں اور پھر اپنے بچے سے کہیں کہ ان تمام طریقہ کاروں اور کام کے مراحل آپ کو بتائیں۔**

مثال کے طور پر "پہلے ہم دھلائی کیلئے پانی لائیں گے پھر ہم کپڑوں کو صابن لگائیں گے اور پھر ہم کپڑوں کو کھنگال لیں گے" بہت چھوٹے نئی چیزوں کو دیکھ کر ان کے بارے میں بات کرنے سے نئے الفاظ سیکھ جاتے ہیں جن کیلئے ہم انہیں سکھانے کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں۔ اگر آپ لانڈری کا کام کر رہے ہیں تو اپنے بچے کو پانی سے کھیلنے دیں (وہ پانی میں چھینٹے اڑائے یا آپ کی نقل کرتے ہوئے کپڑے دھوئے) اور اس کیلئے الفاظ کو لگاتار دہراتے رہیں "یہ پانی ہے" بچہ خود بخود وہی لفظ واپس آپ کو کہنے لگ جائے گا۔ وہ بچے جو چل سکتے ہیں انہیں کسی کام کے کرنے کیلئے ضرورت کی اشیاء لانے کو کہیں مثال کے طور پر "جاؤ مجھے صابن لا دو" یا برائے مہربانی یہ خالی برتن باورچی خانے میں لے جاؤ" وغیرہ کوشش کریں بڑے بچوں کو کسی بھی کام کے دو یا تین مراحل میں مصروف رکھیں تاکہ وہ انہیں یاد رکھیں اور کر سکیں "مثلاً برائے مہربانی گھر جاؤ اور مجھے لانڈری کے لئے صابن لا کر دو اور اسے میرے پاس لے آؤ" بڑے بچے کسی بھی کام کو ایک دن میں یاد کر کے آپ کو سنا سکتے ہیں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں خود اعتمادی
- یادداشت کی مضبوطی اور مہارتوں کا مرحلہ وار بنانا
- کسی جانے پہچانے کام کو سیکھنے کے موقع میں تبدیل کریں۔

# Grab a corner of education

# علم کا ایک گوشہ پکڑ لیں



EL SALVADOR/ Photo by Michael Biscoglio

ای ایل سلواڈور امائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# علم کیلئے کوئی کونہ بنائیں

**بچوں کے سیکھنے کا ایک طریقہ ایک کھیل ہے اس مہینے اپنے گھر میں ایک پڑھنے کا کونہ بنائیں اور اپنے بچے کو اضافی وقت اور کم خرچ پڑھنے کا مواد کھیلنے کیلئے دیں۔**

چھوٹے بچے پہلے اپنے نام کے حروف پہچانتے ہیں اُن حروف کو کاٹ لیں اور انہیں گھر پر کسی دیوار پر چسپا کر دیں۔ حروف کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حروف کے نام بولیں وہ بچے کو پہلے سے ہی اپنے نام کے حروف کو پہچانتے ہیں ان کے ساتھیوں کے نام شامل کریں۔ آپکے شہر کا نام وغیرہ۔ حروف کی شناخت والے کھیل کھیلیں پوچھیں "حرف اے کہاں ہے"؟ اور حروفی کھیل میں پوچھیں "یہ کون سا حرف ہے"؟۔ بڑے بچوں کے ساتھ بوتلوں کے ڈھکن اور کاغذ کے ٹکڑے اکٹھے کر کے ان پر حروف لکھ دیں۔ جب آپ کے پاس مکمل حروف تہجی بن جائیں۔ انہیں با ترتیب رکھیں اور واقف چیزوں کے نام ہجے کریں حروف کو ملا کر نئے الفاظ بنائیں جیسے آپ اکثر استعمال کرتے ہیں یا الفاظ کے کارڈ بنالیں اور جملے ترتیب دینا شروع کریں۔ ان کے ساتھ نمبر شامل کریں تا کہ بچے گن سکیں۔

پڑھنے والوں کیلئے دوستوں اور خاندان کے افراد کے ساتھ مل کر کتابیں بنائیں جنہیں اپنے گھر میں کسی خالی جگہ پر رکھیں۔

**فوائد:**

- بچوں کو اپنے پڑھنے کی مہارتوں کی مشق کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- بچوں کو سکول سے باہر بھی پڑھنے کی عادت پڑتی ہے۔
- حروفی علم تشکیل پاتا ہے۔
- زیادہ خواندگی کا مواد تیار ہوتا ہے۔

# پڑھنے کے شوقین گروپ میں شامل ہو جائیں




انڈونیشیا: رچرڈ لورڈ کی لی گئی تصویر

# کسی پڑھنے والے گروپ میں شمولیت اختیار کریں

آج ہی اپنے بچے کے نام ریڈنگ کیمپ میں لکھوائیں۔ آپ کا بڑا بچہ کیمپ کا رہنما/ لیڈر بن سکتا ہے اور آپ کو چھوٹا بچہ سیکھنے کی کسی اچھی جگہ پر لطف اندوز ہو سکتا ہے اور بنیادی پڑھنے کی مہارتوں کا استعمال کرتے ہوئے کھیل کھیلیں۔

**فوائد:**

- بچوں کو پڑھنے کی مہارتیں دہرانے میں مدد ملتی ہے۔
- بڑے بچوں میں ذمہ داری کا احساس پیدا ہوتا ہے اور روانی سے پڑھنے کا اعتماد آتا ہے۔
- اکثر سکول سے باہر بھی بچوں کو پڑھنے کی عادت ہو جاتی ہے۔
- حروفی علم تکمیل پاتا ہے۔

# اپنے ہمسائے/ساتھ والے کے ساتھ مل کر پڑھیں

# Share reading with your neighbor



ملاوی: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

MALAWI/ Photo by Michael Biscoglio

# اپنے ہمسایوں کے ساتھ پڑھنا بانٹیں

**اپنے ہمسائے یا دوست کے ساتھ بچوں کو پڑھ کر سنانے کی اہمیت پر بات کریں۔ اپنے ہمسایوں کے ساتھ پڑھنے کے مواد اور پرنٹ میٹریل بانٹیں اور ان مواد کا آپس میں تبادلہ کریں۔**

جہاں پڑھنے کا مواد بہت کم ہے اُن جگہوں گھروں اور کیمونٹی ممبران کے درمیان پڑھنے کے مواد کا تبادلہ بہت اچھی سرگرمی ہے اس سے نہ صرف ذرائع کی دستیابی ممکن ہوتی ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ عام طور پر پڑھی جانے والی کہانیوں کے بارے میں بات کرنے کا بھی موقع ملتا ہے۔ کوئی کتاب آپس میں مل کر پڑھیں اور پھر اس پر بحث کرنے کا وقت مقرر کر لیں یا اُسے دوبارہ با آواز بلند پڑھیں۔

**فوائد:**

- اعتماد کی بحالی۔ سکون حاصل ہونا۔ آپس میں لگاؤ اور احساس تحفظ
- اس میں لطف ہے۔
- بڑی کیمونٹی کے ساتھ لٹریسی کو بڑھانے کے فوائد اور مزے کو بانٹیں اور لطف اندوز ہوں۔



# لٹریسی کا جشن منائیں

# Celebrate literacy

MALAWI/ Photo by Michael Biscoglio

ملاوی: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# لٹریسی کا جشن منائیں

جب آپ جشن منا رہے ہوں تو لٹریسی اخواندگی کا بھی جشن منائیں۔ کیا آپ کی چھٹیوں کے کوئی خاص گانے نظمیں یا ثقافت ہے جیسے آپ دوسروں کے ساتھ بانٹ سکیں؟ چھوٹے بچوں سے کہیں کہ وہ سادہ اور آسان نظمیں پڑھیں۔ کچھ بڑے بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے کچھ گانوں اور ثقافتوں کو ریکارڈ کر لیں اور دوسروں کے ساتھ بانٹیں۔

**فوائد:**

- ثقافتی علم بانٹیں۔
- اس میں بہت مزا ہے۔
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو سیکھنے کے موقع میں بدلیں۔




VIETNAM/Photo by Michael Biscoglio

ویت نام:   مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# اپنے بچوں کو پڑھ کر سنانے والے والدین کیلئے خیالات آئیڈیاز

کوئی بھی فرد جو پڑھ سکتا ہو وہ بچے میں یہ بنیادی مہارت پیدا کر سکتا ہے اور بچے کی صرف حوصلہ افزائی کرنی ہے اور اسے پڑھنے کیلئے کچھ اوزار دینے ہیں وہ والدین جو خود پڑھتے ہیں اور اپنے بچوں کو پڑھ کر سناتے ہیں وہ نہ صرف اپنے بچوں کو یہ مہارت سکھا رہے ہوتے ہیں بلکہ ایک ماہر ریڈنگ کرنے والے کی طرح ماڈلنگ بھی کرتے ہیں اور ایک پیغام بھی دیتے ہیں جس میں پڑھنے کی اہمیت کے بارے میں پیغام شامل ہوتا ہے اور یہ کہ پڑھنا ایک لطف امیز سرگرمی ہے۔ یہاں پڑھے لکھے والدین کیلئے کچھ خیالات آئیڈیا ز دیئے جارہے ہیں جن کی مدد سے پڑھنے کی مہارت بہتر بنائی جا سکتی ہے اور گھر پر بچوں کے دلوں میں پڑھائی سے پیار بھی پیدا کیا جا سکتا ہے۔



# پڑھنے کیلئے معاون میٹریل/اشیاء بنائیں
# Make reading materials

AFGHANISTAN/ Photo by Jeff Holt

افغانستان : جیف ہولٹ کی لی گئی تصویر

# پڑھنے کیلئے مواد تیار کریں

**اس مہینے کچھ وقت اپنے بچے کیلئے پڑھنے کا مواد بنانے میں صرف کریں۔**

ایک چیز ذہن میں رکھیں کہ چھوٹے بچوں کو سادہ کتابیں اور بڑی بڑی تصویریں پرنٹ پسند آتی ہیں تو شروعات کرنے کیلئے 5 سے 6 صفحات پر مشتمل ایک کتاب بنائیں جس کے ہر صفحے پر ایک تصویر اور کچھ تحریر درج ہو۔ بڑے بچے ایسی کتابیں لکھنے میں آپکی مدد کر سکتے ہیں یا وہ خود اپنی کہانیوں کے مصنف بن سکتے ہیں۔

**فوائد:**

- بچوں کو پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے کا موقع ملتا ہے
- مزید خواندگی میٹریل تخلیق ہوتا ہے۔

# اپنے بچے کو پڑھ کر سنانے کیلئے بہترین وقت سونے سے پہلے کا ہے۔

# Right before bed is a perfect time to read to your child



EL SALVADOR/Photo by Michael Bisceglie

ایل سلواڈور:   مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر



AFGHANISTAN/Photo by Linda Cullen

افغانستان  :  لنڈا کیولن کی لی گئی تصویر

# سونے کیلئے بستر پر لیٹنے سے پہلے کا وقت اپنے بچے کو پڑھ کر سنانے کیلئے بہترین ہے

**پورا مہینہ رات سونے سے پہلے اپنے بچے کو پڑھ کر سنانے کی کوشش کریں آپ اور آپ کا بچہ دونوں ہی اس وقت سے لطف اندوز ہوں گے۔**

پیدائش سے ہی بچے اپنی مادری اور باپ کی آواز سننا پسند کرتے ہیں اور رات سونے سے پہلے کہانی سننے کا بہت پرسکون اور مثبت نتیجہ اخذ ہوتا ہے۔ چاہے اگر چھوٹے بچوں کو کہانی کا مواد سمجھ میں نہ آئے وہ یہ سیکھنا شروع کردیں گے کہ کہانی کیسی لگتی ہے۔ جب بچے بڑے ہوجائیں تو کہانی کے صفحے پلٹنے میں ان کی مدد لیں انہیں بتائیں کہ کہانی کی لڑیں اور الٹی سائیڈ کون سی ہے اور کہانی پڑھنے کی درست سمت کون سی ہے بڑے بچے پورے صفحے پر آپ کی انگلی کی حرکت دیکھ اور سمجھ سکتے ہیں۔

**فوائد:**

- خود اعتمادی بڑھنا۔ سکون۔ تعلق اور وابستگی اور احساس تحفظ
- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں خود اعتمادی۔ روانی سے پڑھنے کا عملی نمونہ
- اس میں مزہ ہے۔
- بچوں کو پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- بچوں کو اکثر سکول سے باہر بھی پڑھنے کی عادت ہوجاتی ہے۔

# حروف تہجی: پڑھنے کے بلاک بنانا

# The alphabet: Building blocks of reading



**ETHIOPIA/Photo by Michael Bisceglie**

اتوپیا: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر




**MALAWI/Photo by Michael Bisceglie**

ملاوی : مائیکل بسجلیکی لی گئی تصویر

# حروف تہجی:    پڑھنے کے لئے بلاک بنانا

**اس مہینے حروف تہجی کے تمام حروف کا جشن منائیں۔ ہر دن ایک الگ حرف پر توجہ مرکوز کریں۔ درمیان میں کسی جگہ کاغذ کے اُوپر اس دن کا متعلقہ حرف بنائیں یا دیوار پر چاک کی مدد سے وہ حرف لکھیں۔**

حروف جمع کریں اور پورا کمرہ سجادیں۔ تاکہ روزانہ ان حروف کو دیکھا جاسکے۔ سیکھنے سمجھنے کی سرگرمی کو مزید بڑھانے کیلئے حروف تہجی کے ساتھ ہندسے بھی شامل کردیں۔ بچوں کو بھی حروف لکھنے کی مشق کروائیں چاہے مشق ریت پر ہو۔ سائیڈ کی دیوار پر ہو یا کسی کاغذ پر کم از کم 18 مہینے کی عمر سے دو سال کی عمر تک بچے ایک ایک کر کے حروف کو سیکھنا اور شناخت کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

**فوائد:**

- بچوں کو پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے میں مدد دینا
- حروفی علم اور لہجے کی مہارتیں سکھانا
- بچوں کی حروف اور انکی آواز سے واقفیت بڑھانا اور حروف کے ساتھ آوازوں کو ملا کر پڑھنے کی قابلیت بڑھانا
- مزید خواندگی کیلئے مواد بنانا، تخلیق کرنا

# Literacy at home

# لٹریسی گھر پر




VIETNAM/Photo by Chau Doan/Onasia

ویت نام : چونڈون اوناسلا کی لی گئی تصویر

# گھر پر لٹریسی (خواندگی)

**بہت سے ڈبوں میں بند کھانوں پر لیبل لگے ہوتے ہیں۔ اس مہینے توجہ دیں کہ وہ لیبل کیا کہتے ہیں اور ان کی گنتی کریں انہیں اونچی آواز میں پڑھیں۔**

چھوٹے بچے لکھنا پڑھنا سیکھنے حتیٰ کہ حروف کی شناخت کرنے سے بھی پہلے تصاویر اور تحریر کے درمیان فرق کرنا سیکھتے ہیں۔ آپ تصاویر کے ساتھ والے **لیبل** کاٹ کر اپنے چھوٹے بچوں کو پرنٹ اور تصویر میں فرق سکھا سکتے ہیں۔ پھر بچے کو ان تصاویر اور پرنٹ کو الگ الگ کیٹگری میں رکھنا سکھائیں۔

بڑے بچوں کے ساتھ مل کر **لیبل** پڑھیں اور بحث کریں کہ **لیبل** پر کون کون سی چیزیں درج ہیں۔ بچوں سے کسی خاص حرف سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے کو کہیں۔ یا انہیں ٹیکسٹ میں دیئے گئے الفاظ کے ہم قافیہ بنانے کو کہیں۔ **لیبل** پر گنتی کیلئے کون سے ہندسے درج ہیں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور اظہار میں اعتماد
- اشکال۔ سائز۔ تعداد اور وزن کا سکھانا
- علاقائی کھانوں اور ان کے ذرائع کے بارے میں علم
- روزمرہ کی زندگی میں پڑھنے کے فوائد سکھانا
- بچوں کو پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے کا موقع ملتا ہے۔
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو پڑھنے کے موقع میں بدل دیں۔
- بچوں کی حروف اور حروف کی آواز سے واقفیت اور حروف کو آواز کے ساتھ **ملا** کر الفاظ بنانے کی صلاحیت بڑھتی ہے۔



# All signs point to literacy

# تمام اشارات لٹریسی کے جانب اشارہ کرتے ہیں

JORDAN/Photo by Simon Photography

جورڈن : سمان فوٹوگرافی کی لی گئی تصویر

# تمام اشارات لٹریسی کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔

اگلی مرتبہ جب آپ کوئی اشارہ دیکھیں تو اسے تفصیل سے بیان کریں وہ حروف اور اشکال سے بھرا ہوتا ہے؟ وہ کون سے رنگ کا ہے؟ کیا آپ پڑھ سکتے ہیں کہ اس اشارے کا کیا مطلب ہے؟ اپنے ساتھ کسی دوسرے کو ان اشارات کے بارے میں بتائیں۔

کیا چلتے پھرتے کمیونٹی میں اپنے بچوں کے ساتھ آپ کو مزید لکھے ہوئے نوٹس ملتے ہیں۔ اس مہینے اپنی کمیونٹی کو مکمل جائزہ لیں اور ہر دن دیکھے گئے پرنٹ پر غور کریں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ اور پڑھنے میں روانی اور اظہار میں اعتماد
- اشکال۔ قد۔ ہندسوں۔ وزن کے بارے میں سکھانا
- روزمرہ کی زندگی میں پڑھنے کے فوائد بتانا
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو پڑھنے کے موقع میں تبدیل کردیں




ویت نام: مائیکل بسچلی کی لی گئی تصویر

# عقلمند بنیں

## کسی چھوٹے کو پڑھ کر سنائیں۔ کسی بڑے فرد کو پڑھ کر سنائیں۔

اپنی پڑھنے کی مہارت بڑھانے کیلئے دوسروں کے ساتھ پڑھنے کی مہارتیں شیئر کریں اور سننے والوں کو کسی اچھی روانی سے پڑھنے والے ریڈر کو سننے کا موقع دیں۔ کسی کتاب کو لیں اور اسے پڑھ کر دوسروں کے ساتھ اس کے مواد پر بحث کریں۔ دیکھیں اگر اس سے آپکی دوستی بڑھتی ہے۔ اس پر کوشش کریں اور دیکھیں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ اور پڑھنے میں روانی
- اس میں بہت لطف ہے۔
- چھوٹے بچوں کیلئے پڑھنے کا لطف اور اہمیت کا نمونہ
- اکثر سکول سے باہر بھی بچوں میں پڑھنے کی عادت پیدا کرنا۔



AFGHANISTAN/Photo by Jeff Holt

افغانستان : جیف ہولٹ کی لی گئی تصویر

# تمام بچوں کیلئے خیالات آئیڈیاز

بچے ہروقت ایک دوسرے سے سیکھتے ہیں۔وہ کھیل کھیل میں سادہ بات چیت میں اور ایک دوسرے کو کہانیاں سناتے ہوئے سیکھتے ہیں یا پھر موسیقی اور ڈانس کرتے ہوئے بچے آپس میں جو بھی سرگرمیاں کرتے ہیں وہ زبان کی ترقی کیلئے ان کا بہت بڑا خزانہ ہوتی ہے۔مندرجہ ذیل صفحات میں ایسے خیالات بیان کئے گئے ہیں جن سے بچے ان روزمرہ سرگرمیوں سے پڑھنے اور سیکھنے میں مدد لے سکتے ہیں ۔سٹاف ممبران اور کمیونٹی سے رضا کارانہ طور پر شامل ہونے والے بچوں کے ساتھ کام کرنے والے افرادان سرگرمیوں کو استعمال کرسکتے ہیں اور اس طرح وہ نہایت پر لطف اور تخلیقی طریقے سے لٹریسی کو فروغ دے سکتے ہیں۔

# علم اور ثقافت کے فروغ کیلئے کہانیاں سنائیں

# Tell stories to share knowledge and culture




بنگلہ دیش: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# علم اور ثقافت کے فروغ کیلئے کہانیاں سنائیں

اس مہینے کسی دوسرے بچے یا چھوٹے بچوں کو کہانیاں پڑھ کر سنائیں یا بتائیں۔ پھر ان سے کہانی کے کرداروں اور واقعات کے بارے میں بات کریں۔ اگر آپ چاہئیں تو انہیں کردار ادا کر کے بتائیں! اگر آپ کر سکیں تو ایسا ایک سے زیادہ مرتبہ کر کے بتائیں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ اور پڑھنے میں روانی
- لطف اندوز ہونے کا ذریعہ
- بڑے بچوں میں ذمہ داری بڑھانا اور روانی سے پڑھنے والے کے طور پر خود اعتمادی بڑھنا
- چھوٹے بچوں کیلئے پڑھائی کی اہلیت اور پڑھنے میں مزے کا نمونہ
- اکثر سکول سے باہر بھی بچوں میں پڑھنے کی عادت ڈالنا

# لٹریسی (خواندگی) کیلئے گائیں




سوڈان: کیرولن اربائے کی لی گئی تصویر

# لٹریسی کیلئے گائیں

**گانے گانا لٹریسی مہارتوں کو بڑھانے میں مددگار ہوسکتا ہے۔ گانوں میں ہم قافیہ الفاظ میٹر اور بچوں کے سیکھنے کیلئے اور بہت سے بڑے الفاظ ہوتے ہیں۔ اس مہینے اپنی کمیونٹی میں گانے گائیں۔**

پیدائش سے بچوں کو اپنے بڑوں سے گانے سننا پسند ہوتا ہے اور اکثر اوقات بچے گانے سنائے جانے پر بہت اچھے ردعمل کا اظہار کرتے ہیں۔ بچے صرف دو سال کی عمر میں گانے لگ جاتے ہیں۔ جب آپ بچوں کو کوئی گانا دہرا کر سنائیں تو ساتھ ساتھ اصل زندگی کی اشیاء کی طرف نشاندہی کریں یا گانے میں ذکر ہونے والی چیزوں کی نقل اتار کر بتائیں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں اعتماد
- ثقافتی علم کا فروغ
- لطف اندوز ہونا
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو پڑھنے کے موقع میں بدلیں۔
- بچے کی آواز کے ساتھ واقفیت بڑھائیں اور حروف سکھائیں اور انکے اندر یہ صلاحیت پیدا کریں کہ وہ حروف اور ان کی آوازوں کو ملا کر الفاظ تشکیل کرسکیں۔

# نام میں کیا رکھا ہے؟
# What's in a name?



MOZAMBIQUE/Photo by Michael Biscoglio

موزمبیق: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# نام کے اندر کیا ہے؟

اپنے دوستوں سے ایسے الفاظ سوچنے کو کہیں جن کے آخری آواز کے نام کی آخری آواز جیسی ہو۔ باری باری ہم قافیہ ناموں کے بارے میں سوچیں آپ اس سے حتی کہ ایک کھیل بھی تشکیل دے سکتے ہیں! آپ اس طرح اپنے نام سے ملتے جلتے مزاحیہ نام بنا کر ہنس بھی سکتے ہیں۔

**فوائد:**

- اس میں بہت لطف ہے۔
- جانے پہچانے خیالات اور سرگرمیوں کو پڑھنے کے مواقع بنائیں۔
- بچوں کی آوازوں اور حروف سے واقفیت بڑھائیں اور ان میں یہ صلاحیت ہو کہ ان حروف اور آوازوں کو ملا کر نئے لفظ بنائیں۔

# الفاظ کے گروپوں پر توجہ دیں




ارمینیا: رک ڈی۔ ایلیا کی لی گئی تصویر

# لفظوں کے گروپ پر دھیان / توجہ دیں

**دوستوں کے ساتھ لفظوں کے کھیل کھیلنے سے آپ تیزی سے سوچنے کی پریکٹس مشق کر سکتے ہیں اور ایسے الفاظ کا ذخیرہ بنا سکتے ہیں جنہیں آپ جانتے اور سمجھتے ہیں۔**

دھیان والے کھیل کھیلیں! دونوں ہاتھ اپنی ٹانگوں پر مار کر کھیل کا آغاز کریں۔ پھر تالی بجائیں۔ پھر ہر انگلی کھینچیں۔ اس نظم میں اپنی اپنی باری پر کھیلیں اور اس کیٹگری میں آنے والے حروف بولیں مثال کے طور پر پھل یا سبزیاں یا جانور لفظوں کے ساتھ لطف اٹھائیں!

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں اعتماد
- یا داشت کی پختگی اور مہارتوں کو کیٹگری میں لانا
- اس میں لطف ہے۔




افغانستان: جیف ہولٹ کی لی گئی تصویر

# سوالات پوچھ کر باتیں کرنا شروع کریں

# سوال پوچھتے ہوئے باتیں کرنا شروع کریں

اس مہینے ہر دن کا آغاز ایک سوال سے کریں اپنی امی، ابو یا استاد سے ایسے سوالات پوچھیں جو آپ ہمیشہ پوچھنا چاہتے تھے۔ اس مہینے گنتی کریں آپ نے کتنی مرتبہ کیوں۔ کیسے۔ کون۔ کہاں اور کیا سے شروع ہونے والے سوال پوچھے!

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں اعتماد
- تجسس کی حوصلہ افزائی کریں اور مکالمے

# Families of learners علم حاصل کرنے والوں کے خاندان



GUATEMALA/Photo by Ntongi McFadyen

گواتی مالا: نیونگی میک فیدین کی لی گئی تصویر



MALAWI/Photo by Michael Biscoglio

ملاوی: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# سیکھنے والوں کے خاندان

اپنے گھر والوں سے فیملی ٹری (درخت) کے بارے میں پوچھیں۔ پتہ لگائیں آپ کا تعلق کس کس کے ساتھ ہے۔ آپ کے والدین کے والدین کون تھے۔ آپ کے سیکنڈ کزن کون ہیں۔ آپ کی کمیونٹی میں آپ کے کتنے رشتہ دار رہتے ہیں؟ کتنے آپ کی کمیونٹی کے علاوہ کہیں رہتے ہیں؟

**فوائد:**

- خود اعتمادی۔ سکون۔ تعلق اور احساس تحفظ
- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں اعتماد
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو پڑھنے اور سیکھنے کے موقع میں تبدیل کریں۔
- ڈائیلاگ اور تجسس کی حوصلہ افزائی کریں۔

# Where are you going?

# آپ کہاں جا رہے ہیں؟



NICARAGUA/Photo by Brent Stirton

نکاراگوا:   برنٹ سٹرسن کی لی گئی تصویر

# آپ کہاں جا رہے ہیں؟

**آپ کہاں رہتے ہیں؟ آپ وہاں کیسے پہنچے؟ اس مہینے اپنے خاندان کے افراد اور دوستوں سے پوچھیں وہ پہلے کہاں رہتے تھے اور وہ وہاں کیسے پہنچے؟ انہوں نے اس سال کتنے سفر کیے؟ کون سا سفر سب سے زیادہ فاصلے والا تھا؟**

**فوائد:**

- خود اعتمادی۔ سکون۔ تعلق اور احساس تحفظ
- شکل، سائز۔ تعداد اور وزن سکھانا
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو پڑھنے اور سیکھنے کے موقع میں تبدیل کریں۔
- ڈائیلاگ اور تجسس کی حوصلہ افزائی کریں۔




ویت نام:   مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# آپ کا کیا نام ہے؟

اپنے دوستوں اور ہمسائیوں سے ان کے ناموں کے معنی پوچھیں ۔اُن کے نام کس نے رکھے؟ اُن کا نام کس حرف سے شروع ہوتا ہے؟ ان کے نام میں اور کون سے حروف آتے ہیں؟ کس کا نام سب سے لمبا ہے؟ کس کا سب سے زیادہ چھوٹا ہے؟

**فوائد:**

- خوداعتمادی۔سکون۔تعلق اور احساس تحفظ
- شکل، سائز۔تعداد اور وزن سکھانا
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو پڑھنے اور سیکھنے کے موقع میں تبدیل کریں۔
- ڈائیلاگ اور تجسس کی حوصلہ افزائی کریں۔



ETHIOPIA/Photo by Michael Biscoglio

اتھوپیا: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# پڑھنے والے بچوں کیلئے خیالات

وہ بچے جو پڑھتے ہیں انہیں اپنی مہارت کی مشق کرنے کیلئے بہت سے مواقع درکار ہوتے ہیں؟ ان کیلئے ایک دوسرے کو پڑھ کر سنانے سے زیادہ بہتر پڑھنے کے کیا مواقع ہوسکتے ہیں؟ کیا چھوٹے بچے کو پڑھ کر سنانے والا بڑا اچھا ہے؟ یا بچے ہی بچوں کو پڑھ کر سنا رہے ہیں۔ پڑھنے والے بچے ان خیالات کو اپنی مہارتیں بوسٹ کرنے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

# پڑھ کر سنانے والی شخصیت (ریڈنگ بڈی) کے طور پر چھوٹے بچوں کے ہیرو بن جائیں




ہونڈورس: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر

# ریڈنگ بڈی بن کر چھوٹے بچوں کے ہیرو بن جائیں

**بڑے پڑھنے والے افراد کسی چھوٹے بچے کے ساتھ پڑھنے کی مہارتیں شیئر کرکے ریڈنگ بڈی بن سکتے ہیں۔ ہفتے میں سے کچھ وقت مل کر کتابیں پڑھنے کیلئے مختص کریں۔**

کتاب پکڑنے اور اس کے صفحے پلٹنے میں کسی چھوٹے بچے کی مدد کریں۔ اگر اس بچے/بچی میں پوری کہانی سننے کا حوصلہ اور تو نہیں ہے تو کتاب میں تصویروں کی طرف اشارہ کریں۔ اور انہیں تصویروں کے بارے میں بتائیں۔ مثال کے طور پر کہیں "یہ ایک گائے ہے جو گھاس کھا رہی ہے" انہیں کتاب کے ساتھ تعلق بنانے میں مدد دیں اور تصوریں کی طرف اشارہ کرنا سکھائیں اور نئے الفاظ جو پڑھنا سیکھ رہے ہیں پورے صفحے پر آپ نے جو الفاظ پڑھنے انہیں ساتھ ساتھ دیکھیں اوا گر چھوٹے بچوں کو مددگار ہو تو انہیں بار بار پڑھ کر مدد دیں۔

**فوائد:**

- اس میں لطف ہے۔
- بچوں کو پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے کا موقع ملتا ہے۔
- بڑے بچوں میں احساس ذمہ داری پیدا کرنا اور روانی سے پڑھنے والے کے طور پر اعتماد
- چھوٹے بچوں کو پڑھنے کے لطف اور اہمیت سے روشناس کروانا
- اکثر سکول سے باہر بھی بچوں میں پڑھنے کی عادت پیدا کرنا

# آپ کے نام میں اور کونسے الفاظ شامل ہیں؟




یوگینڈا: ایک ڈی ایبلی کی لی گئی تصویر

UGANDA/Photo by Rick D'Elia

# آپ کے نام میں کون سے الفاظ ہیں؟

دیکھیں اپنے نام میں شامل حروف سے آپ اور کون سے نئے الفاظ بنا سکتے ہیں؟ مثال کے طور پر شائلہ میں آنے والے حروف کو آگے پیچھے کر کے نئے لفظ جیسے شمع۔ شائل۔ مالا وغیرہ بن سکتے ہیں۔ اسے اپنے دوستوں کے ساتھ کر کے دیکھیں کس کے نام کے اندر زیادہ سارے الفاظ چھپے ہوئے ہیں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار کا اعتماد
- یہ لطف آمیز ہے۔
- بچے کی حروفی اور ہجے کرنے کی مہارتیں بڑھاتا ہے۔

# گھر پر لٹریسی

# Literacy at home




VIETNAM/Photo by Chau Doan/Onasia

ویت نام: چاؤڈوان/اوناسیا کی لی گئی تصویر

# گھر پر لٹریسی / خواندگی

بہت سے ڈبوں میں بند کھانوں اور فوڈ پر لیبل لگے ہوتے ہیں۔ اس مہینے غور سے دیکھیں ان پر کیا لکھا ہے۔ انہیں اونچی آواز میں پڑھیں۔ انہیں کسی دوست کو پڑھ کر سنائیں۔ دوسرے بچوں کو پڑھ کر سنائیں ۔ لیبل آپ کو کس قسم کی چیزیں بتاتے ہیں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ پڑھنے میں روانی اور اظہار رائے میں اعتماد
- اشکال۔ سائز۔ وزن اور تعداد کی تعلیم
- علاقائی کھانوں اور اس کے ذرائع کے بارے میں علم
- روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے فوائد
- بچوں کو پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے کا موقع ملتا ہے۔
- کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی اور پڑھنے کے موقع میں بدل دیں۔

# اگر آپ کے پاس کتاب ہے، تو اس کو دوسروں کے ساتھ بانٹ کر پڑھیں

# If you've got a book, share it



**BANGLADESH/Photo by Michael Biscoglie**

بنگلہ دیش: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر



**AFGHANISTAN/Photo by Jeff Holt**

افغانستان: جیف ہولٹ کی لی گئی تصویر

# اگر آپ کے پاس کتاب ہے تو اسے شیئر کریں

اس مہینے کسی دوست لائبریری۔ بک بینک سے کوئی کتاب لیں اور اپنے کسی دوست ۔ ہمسائے ۔ چھوٹے بچے یا والدین کو وہ پڑھ کر سنائیں۔ آپ اسے کتنے لوگوں کو پڑھ کر سنا سکتے ہیں؟ کہانی میں کتنے کردار ہیں؟ آپ کو کونسا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی۔ اظہار رائے میں اعتماد
- اس میں لطف ہے۔
- زیادہ بڑی کیمونٹی کو لٹریسی کو فروغ دینے کے فوائد بتائیں۔
- بچوں کو پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے میں مدد دیں۔

# All signs point to literacy

# تمام اشارات لٹریسی کے جانب اشارہ کرتے ہیں




JORDAN/Photo by Simon Photography

جورڈن : سمان فوٹوگرافی کی لی گئی تصویر

# تمام اشارے لٹریسی کی طرف اشارہ کرتے ہیں

جب اگلی مرتبہ آپ کوئی اشارہ دیکھیں تو اس کے بارے میں بتائیں! کیا وہ حروف ۔ہندسوں اور اشکال سے بھرا ہوا ہے؟ وہ کون سے رنگ ہیں؟ کیا آپ اُسے پڑھ سکتے ہیں وہ اشارہ کیا کہتا ہے؟ اسے اپنے ساتھ کسی دوسرے کو پڑھ کر سنائیں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں اعتماد
- اشکال۔ سائز۔ ہندسے اور وزن کی تعلیم
- روزمرہ کی زندگی میں پڑھنے کے فوائد بتاتا ہے۔
- بچوں کو اپنی پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے میں مدد دیتا ہے۔

# Memorize a poem

# نظم یاد کریں



TAJIKISTAN/Photo by Chris Martin

تاجکستان: کرس مارٹن کی لی گئی تصویر



JORDAN/Photo by Carl Triplehorn

جورڈن: کارل ٹرپلی کی لی گئی تصویر

# نظم یاد کریں

اپنے استاد سے کہیں کہ آپ کو کوئی نظم یاد کرنے کو دے مہینے کا پہلا ہفتہ نظم یاد کرنے میں گزاریں اور اگلے تین ہفتے وہ نظم اپنے ساتھیوں۔ دوستوں۔ خاندان کے افراد اور ہمسایوں کے ساتھ شیئر کرنے میں گزاریں۔

**فوائد:**

- ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور جذبات کے اظہار میں اعتماد
- یاداشت کی تقویت اور مہارتوں کو کیلیگری میں لانا
- بڑی کمیونٹی کیساتھ لٹریسی کو بڑھانے اور اس سے لطف اندوز ہونے کو آپس میں بانٹیں۔

# فوائد کے اعتبار سے سرگرمیوں کا انڈکس

## A

بچوں کو اپنی پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے میں مدد دیتا ہے۔


سرگرمی ---------------------------- صفحہ شمار

اپنے بچے کے ساتھ بات کریں ---------------- 07

کہانیاں سنائیں ---- ثقافت اور علم شیئر کرنے کیلئے ------ 09

اپنے ہمسائیوں کے ساتھ پڑھنا شیئر کریں ------------ 23

بستر پر لیٹنے سے پہلے --- اپنے بچے کو پڑھ کر سنائیں ------ 31

سیکھنے والوں کے خاندان -------------------- 53


ذخیرہ الفاظ میں اضافہ۔ پڑھنے میں روانی اور اظہار میں اعتماد


سرگرمی ---------------------------- صفحہ شمار

اپنے بچے کے ساتھ بات کریں ---------------- 07

علم اور ثقافت شیئر کرنے کیلئے کہانیاں سنائیں ---------- 09

اپنے بچے کے ذہن کی ضروریات پوری کریں ---------- 11

لٹریسی کیلئے گائیں -------------------- 13

علم کے حصول کیلئے خریداری کریں -------------- 15

مل کر کام کرتے ہوئے پڑھنے کی مہارتیں ابھاریں ------ 17

بستر پر لیٹنے سے پہلے --- اپنے بچے کو پڑھ کر سنائیں ---- 31

گھر پر لٹریسی ---------------------- 35

تمام اشارات لٹریسی کی جانب اشارہ کرتے ہیں ------ 37

تھوڑا ہنسیں ------------------------ 39

علم اور ثقافت شیئر کرنے کیلئے کہانیاں سنائیں ------- 43

لٹریسی کیلئے گائیں -------------------- 45

حروف کے گروپ پر توجہ مرکوز کریں ------------ 49

سوالات پوچھ کر بولنا شروع کریں ------------ 51

سیکھنے والوں کے خاندان ------------------ 53

آپ کہاں جارہے ہیں ------------------ 55

آپ کا کیا نام ہے؟ ------------------ 57

آپ کے نام میں اور کون سے حروف ہیں ------- 63

اگر آپ کے پاس کتاب ہے تو اسے شیئر کریں ----- 67

تمام اشارات لٹریسی کی جانب اشارہ کرتے ہیں ---- 69

نظم یاد کریں ---------------------- 71


## B

اشکال۔ سائز۔ تعداد اور پیمائش سکھاتا ہے۔


سرگرمی ---------------------------- صفحہ شمار

اپنے بچے کی ذہن کی ضروریات پوری کریں -------- 11

علم کے حصول کیلئے خریداری کریں ------------ 15

گھر پر لٹریسی ---------------------- 35

تمام اشارات لٹریسی کی جانب اشارہ کرتے ہیں ------ 37

آپ کہاں جارہے ہیں ------------------ 55

آپ کا کیا نام ہے ------------------ 57

گھر پر لٹریسی ---------------------- 65

تمام اشارات لٹریسی کی جانب اشارہ کرتے ہیں ------ 69


یادداشت کو مضبوط بناتا ہے اور معلومات کو کیٹگری میں لاتا ہے۔


سرگرمی ---------------------------- صفحہ شمار

ثقافت اور علم شیئر کرنے کیلئے کہانیاں سنائیں -------- 09

اپنے بچے کی ذہنی ضروریات پوری کریں ---------- 11

علم کے حصول کیلئے خریداری کریں ------------ 15

مل کر کام کرتے ہوئے پڑھنے کی مہارتوں کو ترقی دیں -- 17

حروف کے گروپوں پر توجہ دیں ------------ 49

نظم یاد کریں -------------------- 71


ثقافتی علم بانٹیں


سرگرمی ---------------------------- صفحہ شمار

ثقافتی علم بانٹنے کیلئے کہانیاں سنائیں ---------- 09

لٹریسی کیلئے گائیں -------------------- 13

لٹریسی کا جشن منائیں ---------------- 25

لٹریسی کیلئے گائیں ---------------- 45


علاقائی کھانوں اور ان کے ذرائع کے بارے میں سکھاتا ہے۔


سرگرمی ---------------------------- صفحہ شمار

اپنے بچے کی ذہنی ضروریات پوری کریں -------- 11

علم حاصل کرنے کیلئے خریداری کریں ---------- 15

لٹریسی (خواندگی) گھر پر ---------------- 35

لٹریسی (خواندگی) گھر پر ---------------- 65


## C

اس میں لطف ہے


سرگرمی ---------------------------- صفحہ شمار

لٹریسی کیلئے گائیں -------------------- 13

پڑھنے والے کسی گروپ کے ساتھ شامل ہوجائیں ------ 21

اپنے ہمسائے کے ساتھ پڑھنا شیئر کریں ---------- 23

لٹریسی کا جشن منائیں ---------------- 25

بستر پر جانے سے پہلے اپنے بچے کو پڑھ کر سنائیں ---- 31

تھوڑا ہنسیں ---------------------- 39

ثقافت اور علم بانٹنے کیلئے کہانیاں سنائیں -------- 43

لٹریسی (خواندگی) کیلئے گائیں ------------ 45

نام کے اندر کیا ہے ---------------- 47

الفاظ کے گروپ پر توجہ دیں ------------ 49

ایک ہیرو --- ریڈنگ بڈی بنیں ------------ 61

آپ کے نام میں اور کون سے لفظ ہیں ---------- 63

اگر آپ کے پاس کتاب ہے تو اسے دوسروں کے ساتھ بانٹیں ---- 67


بڑی کمیونٹی کے ساتھ لٹریسی بڑھانے کے مزے اور فوائد بانٹیں۔


سرگرمی ---------------------------- صفحہ شمار

اپنے ہمسائے کو پڑھنے میں شریک کریں ---------- 23

اگر آپ کے پاس کتاب ہے تو اسے دوسروں کے ساتھ بانٹیں -- 67

کوئی نظم یاد کریں ------------------ 71


روزمرہ کی زندگی میں پڑھنے کے فوائد بتاتا


سرگرمی ---------------------------- صفحہ شمار

گھر پر خواندگی ---------------------- 35

تمام اشارات لٹریسی کی جانب اشارہ کرتے ہیں -------- 37

لٹریسی گھر پر ---------------------- 65


تمام اشارات لٹریسی کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔

## فوائد کے اعتبار سے سرگرمیوں کا انڈکس

### A

بچوں کو اپنی پڑھنے کی مہارتیں مشق کرنے میں مدد دیتا ہے۔

سرگرمی-----------------------صفحہ شمار

علم کیلئے ایک کونہ حاصل کریں-----------------19

پڑھنے والے کسی گروہ کے ساتھ شامل ہو جائیں--------21

پڑھنے کیلئے مواد بنائیں-----------------29

اپنے بچے کو پڑھ کر سنائیں-----------------31

حروف تہجی---پڑھنے کے بلاک بنائیں----------33

لٹریسی گھر پر-----------------------35

ہیرو----------ریڈنگ بڈی بنیں------------ 61

لٹریسی گھر پر-----------------------65

اگر آپ کے پاس کتاب نہیں اسے بنائیں------------67

تمام اشارات لٹریسی کی جانب اشارہ کرتے ہیں-------69

بڑے بچوں میں احساس ذمہ داری بڑھاتا ہے اور روانی سے پڑھنے والے کے طور پر اعتماد بحال کرتا ہے۔

سرگرمی-----------------------صفحہ شمار

پڑھنے والے گروہ میں شرکت کریں------------21

علم اور ثقافت بانٹنے کیلئے کہانیاں سنائیں---------43

ہیرو----------ریڈنگ بڈی بنیں-----------61

چھوٹے بچوں کو پڑھنے کی اہمیت اور مزے کی مثالیں ماڈل کر کے بتائیں

سرگرمی-----------------------صفحہ شمار

قصہ گو بنیں-------------------------39

علم اور ثقافت بانٹنے کیلئے کہانیاں سنائیں---------47

ہیرو----------ریڈنگ بڈی بنیں-----------61

### B

اکثر سکول سے باہر بھی بچوں میں پڑھنے کی عادت ڈالیں

سرگرمی-----------------------صفحہ شمار

علم کیلئے ایک کونہ حاصل کریں-----------------19

پڑھنے والے کسی گروہ میں شمولیت اختیار کریں-------21

بالکل ------ سے پہلے اپنے بچے کو پڑھ کر سنائیں---- 31

قصہ گو بنیں-------------------------39

علم اور ثقافت بانٹنے کیلئے کہانیاں سنائیں---------43

ہیرو----------ریڈنگ بڈی بنیں-----------61

کسی جانے پہچانے خیال یا سرگرمی کو علم حاصل کرنے کے موقع میں بدلیں

سرگرمی-----------------------صفحہ شمار

اپنے بچے کی ذہنی ضروریات پوری کریں---------11

لٹریسی کیلئے گائیں-----------------------13

علم کیلئے خریداری کریں-----------------15

مل کر کام کرتے ہوئے پڑھنے کی مہارتیں ابھاریں---17

خواندگی کا جشن منائیں-----------------25

گھر پر لٹریسی-----------------------35

تمام اشارات لٹریسی کی جانب اشارہ کرتے ہیں----37

لٹریسی کیلئے گائیں-----------------------45

نام کے اندر کیا ہے-----------------------47

پڑھنے والوں کے خاندان-----------------53

آپ کہاں جا رہے ہیں-----------------------55

آپ کا کیا نام ہے-----------------------57

گھر پر لٹریسی-----------------------65

حروفی علم بڑھانا

تعلیم کیلئے ایک کونہ حاصل کریں-------------19

پڑھنے والے گروپ میں شمولیت اختیار کریں------21

حروف تہجی پڑھنے کے بلاک بنائیں-------------33

آپ کے نام میں کون سے الفاظ ہیں-----------63

### C

تجسس اور ڈائیلاگ کی حوصلہ افزائی کریں

سرگرمی-----------------------صفحہ شمار

اپنے بچے سے بات کریں-----------------07

سوالات پوچھ کر بولنا شروع کریں-------------51

پڑھنے والوں کے خاندان-----------------53

آپ کہاں جا رہے ہیں-----------------55

آپ کا کیا نام ہے-----------------------57

بچوں میں حروف اور آوازوں کی واقفیت پیدا کریں اور آوازوں کو حروف سے ملانے کی قابلیت

لٹریسی کیلئے گائیں-----------------------13

حروف تہجی------ریڈنگ کے بلاک بنائیں-------33

گھر پر خواندگی-----------------------35

لٹریسی کیلئے گائیں-----------------------45

نام کے اندر کیا ہے-----------------------47

مزید لٹریسی مواد تخلیق کریں

پڑھنے کیلئے مواد بنائیں-----------------29

حروفی تہجی ریڈنگ کیلئے بلاک بنائیں-----------33

# آئیں مل کر لٹریسی کو بوسٹ دیں

# Let's boost literacy together!

By taking the simple steps outlined in this book, we can all help children learn to read and read to learn.

اس کتاب میں دیئے گئے سادہ اقدامات اٹھاتے ہوئے
ہم سب بچوں کو پڑھنے میں مدد دے سکتے ہیں اور سیکھنے کیلئے پڑھ سکتے ہیں



**BANGLADESH/Photo by Michael Biscoglio**

بنگلہ دیش: مائیکل بسجلی کی لی گئی تصویر